# ٹرانزیشن: اسکول کی ایک مثبت شروعات

## خاندانوں کے لیے معلوماتی پرچہ

**اسکول کی شروعات مشکل ہونے کے ساتھ ساتھ دلچسپ بھی ہوسکتی ہے۔ اس معلوماتی پرچے میں یہ بتایا گیا ہے کہ آپ کے بچے/آپ کی بچی کی ابتدائی بچپن کی سروس اسکول کی ایک مثبت شروعات کرنے میں آپ کے بچے/آپ کی بچی کی کس طرح سے مدد کرے گی۔**

آپ کا بچہ/آپ کی بچی پہلے ہی بہت ساری منتقلیوں سے گزر چکا/چکی ہے، جیسے کہ:

- ایک سرگرمی یا معمول سے دوسری میں منتقل ہونا
- پلے ڈیٹس یا چھٹیوں پر جانا
- نگہداشت اطفال یا کنڈرگارٹن کا آغاز۔

ان تجربات سے آپ کو یہ اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ/آپ کی بچی نئی جگہوں اور چیزوں پر کس طرح سے ردّ عمل ظاہر کرتا/کرتی ہے، اور اسے کس قسم کی مدد کی ضرورت ہے۔

### اسکول کی مثبت شروعات کرنا کیوں ضروری ہے؟

اسکول کی مثبت شروعات سے آپ کے بچے کو درج ذیل امور میں مدد ملتی ہے:

- تعلیم اور فلاح و بہبود کے بہتر نتائج کا حصول
- ان کی تعلیم اور ترقی کے عمل میں آنے والی رکاوٹوں سے بچنا
- محفوظ، پُر اعتماد اور منسلک ہونے کا احساس۔

### اپنے بچے/اپنی بچی کا اسکول میں داخلہ کروانا

زیادہ تر اسکول بچوں کے اسکول شروع کرنے سے پہلے سال کے مئی مہینے میں داخلے لینا شروع کردیتے ہیں۔ داخلہ کروانے کے نتیجے میں آپ کو اسکول کے بارے میں بہتر طور پر جاننے اور اسکول کی سرگرمیوں میں منتقلی میں حصہ لینے کے مزید مواقع میسر آتے ہیں۔ جب یہ سرگرمیاں سال کے اختتام سے پہلے ہی اچھی طرح سے شروع ہو جاتی ہیں اور اسکول کے پہلے کچھ دنوں کے بعد تک جاری رہتی ہیں تو بچوں کی منتقلی بہتر طریقے پر انجام پاتی ہے۔

### اسکول کے پروگراموں اور سرگرمیوں میں منتقلی

اسکول کی سرگرمیوں میں منتقلی سے آپ کو اور آپ کے بچے /آپ کی بچی کو درج ذیل امور میں مدد ملتی ہے:

- یہ سمجھنا کہ اسکول کیسا ہوگا
- دوسرے بچوں اور خاندانوں کے ساتھ دوستی کرنا۔

### ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (TRANSITION LEARNING AND DEVELOPMENT STATEMENT)

آپ کے بچے/آپ کی بچی کا ابتدائی بچپن کا استاد ایک ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement) (جسے ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ بھی کہا جاتا ہے) لکھے گا۔ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ آپ کے بچے/آپ کی بچی کے ابتدائی اسکول کے استاد کو آپ کے بچے/آپ کی بچی کو جاننے اور اس کی تعلیم کے لیے منصوبہ ترتیب دینے میں مدد دیتا ہے۔ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں درج ذیل تفصیلات شامل ہوں گی:

- آپ کے بچے/آپ کی بچی کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر
- آپ کا نام اور رابطے کی تفصیلات
- ابتدائی بچپن کی سروس اور آپ کے بچے/آپ کی بچی کی مدد کرنے والے دیگر کسی بھی بچپن کے پیشہ ور افراد کا نام اور رابطے کی تفصیلات
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی دلچسپیوں، مہارتوں اور قابلیتوں کے بارے میں معلومات
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کے لیے سب سے بہترین تدریسی حکمت عملیاں۔

اگر آپ کا بچہ/آپ کی بچی کسی اسکول اوقات کے علاوہ دیکھ بھال (OSHC) میں جائے گا/گی، تو ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کا OSHC سروس کے ساتھ بھی شیئر کیا جائے گا۔

آپ کو آپ کے بچے/آپ کی بچی کے تکمیل شدہ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کی ایک نقل دی جائے گی۔ اس سے آپ کو اپنے بچے/ اپنی بچی کی تعلیم کو سمجھنے، اس میں مدد کرنے اور اس پر تبادلہ خیال کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

آپ کے بچے/آپ کی بچی کی ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ درج ذیل امور میں مدد دیتی ہے:

- آپ کے بچے /آپ کی بچی کی دلچسپیوں کے لیے منصوبہ ترتیب دینا
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی ابتدائی بچپن کی سروس سے اسکول میں آسان منتقلی میں مدد کرنا۔

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹس کو عام طور پر ٹرم 4 میں لکھا جاتا ہے۔ تاہم، اگر آپ کا بچہ/آپ کی بچی معذوری یا نشوونما میں تاخیر سے دوچار ہے تو، ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کو اس سے پہلے، جون یا جولائی میں بھی لکھا جاسکتا ہے۔ اس سے آپ کو اور اسکول کو آپ کے بچے/آپ کی بچی کی ضرورت کے لیے کسی بھی اضافی مدد کی منصوبہ بندی شروع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں ایک سیکشن ہے جسے آپ کو پُر کرنا ہے۔ چونکہ آپ اپنے بچے/اپنی بچی کے بارے میں بہت کچھ جانتے ہیں، اس لیے آپ کی رائے نہایت قیمتی ہے۔ اس سے اسکول کو آپ کے اور آپ کے بچے/آپ کی بچی کے لیے اسکول کی مثبت شروعات کی منصوبہ بندی میں مدد ملے گی۔

اس میں ایک سیکشن ایسا بھی ہے جسے آپ کے بچے/آپ کی بچی کو کسی بالغ شخص جیسے آپ یا اس کا ابتدائی بچپن کے استاد کی مدد سے پُر کرنا ہے ۔ اس میں یہ سب شامل ہوسکتے ہیں:

- ایک ڈرائنگ
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کو اسکول کے بارے میں کیا دلچسپی ہے
- وہ اسکول شروع کرنے کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔

### معلومات کیسے شیئر کی جاتی ہیں

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹس کو Insight Assessment Platform کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن شیئر اور اسٹور کیا جاتا ہے۔ Insight Assessment Platform پر معلومات کو محفوظ طریقے سے آسٹریلیا کے اندر ہی اسٹور کیا جاتا ہے۔

تمام وکٹورین سرکاری اسکول (اور کچھ کیتھولک اور آزاد اسکول) ہر بچے کی تعلیم اور ترقی کو ریکارڈ کرنے کے لیے Insight Assessment Platform کا

استعمال کرتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے/آپ کی بچی کا اسکول Insight Assessment Platform استعمال نہیں کرتا ہے تو، انہیں ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کی ایک کاغذی نقل یا الیکٹرانک نقل دی جائے گی۔

محکمہ تعلیم و تربیت بعض اوقات بیرونی سروس فراہم کرنے والوں کا استعمال کرتی ہے۔ محکمہ کے لیے کام کرنے والے سروس فراہم کنندگان کو ڈیٹا کے حفاظتی اقدامات کا استعمال کرنا لازمی ہے۔ Insight Assessment Platform محکمہ کی **انفارمیشن پرائیویسی پالیسی** www.education.vic.gov.au/Pages/privacypolicy کی تعمیل کرتا ہے۔

محکمہ نگرانی اور تحقیق کے لیے ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ سے معلومات کا استعمال کرسکتا ہے۔ یہ معلومات نمبرات اور گرافس میں پیش کی جائیں گی اور بچوں کا نام ظاہر **نہیں** کیا جائے گا۔

Insight Assessment Platform کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، محکمہ سے psts@edumail.vic.gov.au پر رابطہ کریں۔

بعض اوقات وکٹورین تعلیم اور دیکھ بھال کے پیشہ ور افراد کو کسی بچے/بچی کی فلاح و بہبود یا سلامتی کو فروغ دینے کے لیے معلومات کے اشتراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کی ابتدائی بچپن کی تعلیمی سروس جہاں دیکھ بھال کرنے، امتیازی سلوک کا خاتمہ کرنے کے اپنے فرض اور پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت اور بچوں کی فلاح و بہبود اور سلامتی کی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہو تو آپ کے بچے اور خاندان کے بارے میں معلومات کا اشتراک کر سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں https://www.vic.gov.au/information-sharing-schemes-and-the-maram-framework۔

## مزید معلومات کے لیے

برائے مہربانی ملاحظہ کریں
www.education.vic.gov.au/transitiontoschool -

یہ دستاویز مختلف زبانوں میں یہاں دستیاب ہے
www.education.vic.gov.au/transitiontoschool -